# فہرست مضامین


| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| اعیان اہلحدیث کی خدمت | | آمین بالجہر | ۷۶ |
| میں اپیل | ۴ | سینہ پر ہاتھ باندھنے کا مسئلہ | ۸۰ |
| دیباچہ (التماس مصنف) | ۵ | وجوب جمعہ اور ظہر احتیاطی | ۸۱ |
| توحید | ۱۱ | خطبہ میں وعظ | ۸۷ |
| رسالت اور ولایت | ۱۲ | مسئلہ تراویح | ۹۴ |
| توہین سلف | ۱۳ | ایک مجلس میں تین طلاقیں | ۹۹ |
| استمداد بالغیر | ۲۳ | مفقود الخبر کی بیوی کا حکم | ۱۰۴ |
| خلافت راشدہ | ۲۹ | اہلحدیث کیوں اہلحدیث ہیں؟ | ۱۰۸ |
| وراثت انبیاء علیہم السلام | ۳۷ | اہلحدیث کے مذہب کا بانی | |
| اتباع سنت و اجتناب | | کون ہے؟ | ۱۱۱ |
| بدعت | ۴۱ | خلاصہ مذہب اہلحدیث | ۱۱۲ |
| نذر لغیر اللہ | ۵۲ | سرکاری دفاتر میں اہلحدیث کو | |
| تقلید شخصی | ۵۸ | وہابی کہنے کی ممانعت | ۱۱۳ |
| قرأت فاتحہ خلف الامام | ۶۷ | اتباع حدیث کی تاکید | ۱۱۳ |
| رفع الیدین | ۷۱ | اسلام اور اہلحدیث | ۱۱۵ |


Marfat.com

# اعیانِ اہلحدیث کی خدمت میں
# اپیل

(قدرے مناسب ترمیم کے ساتھ حضرت مصنّف مرحوم ہی کے لفظوں میں)

آج تک جماعت اہلحدیث نے جو کچھ ترقی خدا کے فضل سے کی ہے آپ صاحبوں پر مخفی نہیں باوجودیکہ ان کے خلاف ہر طرح سے کوششیں ہوئیں مگر پھر بھی ان کی تحریک جو بجلی کی طرح تمام ملک میں پھیل گئی اور پھیل رہی ہے، اس کا ظاہری سبب یہی سلسلۂ تحریر و تقریر ہے اور کچھ نہیں پس آپ صاحبان اس رسالہ کو مفید پائیں تو آپ لوگوں کا فرض ہے کہ اس کی اشاعت میں ادارہ اشاعۃ السنّۃ کا ہاتھ بٹائیں، مرکزی جمعیّتہ اہلحدیث نے محض اس غرض سے کہ یہ رسالہ مسلمانوں میں عموماً و خصوصاً شائع ہو، اس ہوش ربا گرانی کے دور میں بڑی محنت و صرفِ زرِ کثیر کے بعد اس کو شائع کرایا ہے۔"

جن حضرات کی دلی آرزو ہے کہ مسلمانوں میں توحید و سنّت کا رواج ہو تو جہ اس رسالہ کو حسبِ حیثیت خرید کر مفت تقسیم کرائیں گے اور خداوند کریم سے اجرِ عظیم پائیں گے، علماء کرام سے بالخصوص توقع ہے کہ اس کام میں توجہ سے اہلِ دل اصحاب کو ترغیب دلا کر الدال علی الخیر کفاعلہ سے حصہ لیں گے۔

ان اللہ لا یضیع اجر المحسنین

ناظم نشر و اشاعت مرکزی جمعیۃ اہلحدیث مغربی پاکستان

Marfat.com

فاعمل وان لم تستطع فاصبر
فان فی الصبر علی ما تکرہ خیرا
کثیرا واعلم ان النصر مع
الصبر والفرج مع الکرب
وان مع العسر یسرا۔ فینبغی
لکل مؤمن ان یجعل ھٰذا
الحدیث مرآۃ لقلبہ وشعارہ
ودثارہ وحدیثہ فیعمل
بہ فی جمیع حرکاتہ وسکناتہ
حتی یسلم فی الدنیا و
الآخرۃ ویجد العزۃ فیہا
برحمۃ اللہ عزوجل۔
(مقالہ نمبر ۴۲)

خدا نے تیرے حق میں مقدر نہ کیا ہو تو کبھی نہ
سکیں گے پس اگر تو طاقت رکھے کہ سچائی
یقین کے ساتھ اللہ کے لیے عمل کرے تو کر اور اگر
کی طاقت نہیں رکھتا تو تکلیفوں پر صبر کیا کر
صبر میں ہی بہت سی بھلائی ہے اور تو جان
اللہ کی مدد صبر کے ساتھ اور آسانی تکلیف
متصل اور تنگی کے ساتھ آسانی (اس حدیث کے
حضرت پیر صاحب فرماتے ہیں) پس ہر مسلمان کو چاہیے
کہ اس کو اپنے دل کا آئینہ اور اپنے جسم کا بیرونی و اند
لباس بنائے اور اپنی ہر ایک بات میں اسی کو پیش
رکھے اور اپنی تمام حرکات و سکنات میں اسی پر
کرے کہ خدا کے سوا کسی مخلوق سے استمداد و استعانت
نہ کرے نہ کسی سے امید نفع و نقصان کی رکھے تاکہ
دنیا اور آخرت میں سلامتی سے رہے اور اللہ کی رحمت سے عزت پا وے۔"

غرض اس مسئلہ میں اہل حدیث کا مذہب وہی ہے جو حضرت فرید الدین
نے فرمایا ہے : ؎

در بلا یاری مخواہ از ہیچ کس — زانکہ نبود جز خدا فریاد رس
غیر حق را ہر کہ خواند اے پسر — کیست در دنیا ازو گمراہ تر

ہاں ! ہمارا یہ بھی مذہب ہے کہ نیک بندوں کی دعا سے فائدہ ہوتا ہے

Marfat.com

ثابت ہو۔ کسی ایک آدھ صحابی کے نہ کرنے سے نسخ ہو سکتا ہے، تو یہی ابن مسعود رضی اللہ عنہ رکوع کے وقت چونکہ تطبیق[51] کرتے تھے، دونوں ہاتھوں کو زانوؤں پر نہ رکھتے تھے چنانچہ صحیح مسلم میں اُن کا یہ مذہب ثابت ہے۔ بلکہ اپنے شاگردوں کو اس فعل کی تاکید مزید کیا کرتے تھے، تو لامحالہ اس وقت جبکہ انہوں نے رفع نہ کی زانوؤں پر بھی تو ہاتھ نہ رکھے ہوں گے، کیونکہ دوسری روایتوں سے اُن کا یہی مذہب ثابت ہوتا ہے تو بس چاہیے کہ رکوع کے وقت زانوؤں پر ہاتھ رکھنے بھی منع ہوں۔ حالانکہ کسی کا مذہب نہیں، اور تو کسی کا کیا ہوتا خود حنفیہ کا بھی نہیں۔ بلکہ اگر اس قسم کی روایات خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ثابت ہوں کہ حضور نے سوائے اوّل دفعہ کے رفع یدین نہیں کی تو بھی نسخ نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ سنّت خاص کر مستحب امر کے لیے تو دوام فعل ضروری نہیں۔ دوام تو وجوب ہے۔ سنّت یا مستحب تو وُہی ہوتا ہے کہ فعل[52] مرة و ترک اُخریٰ یعنی کیا ہو، اور کبھی چھوڑا ہو جس کو اہلِ معقول کی اصطلاح میں مطلقہ عامہ کہنا چاہیے اور یہ تو ظاہر ہے کہ مطلقہ عامہ کی نقیض مطلقہ عامہ نہیں ہوتا۔ فافہم۔

دوسری دلیل نسخ پر جسے آج کل بڑے زور سے بیان کیا جاتا ہے مسلم کی حدیث ہے جس کے الفاظ مدعا مطلب یہ ہیں کہ :-

| | |
|---|---|
| مالی اراکم رافعی ایدیکم | رسولِ پاک نے صحابہ کو نماز میں ہاتھ |
| کانہا اذناب خیل شمس۔ | اُٹھاتے دیکھا۔ تو فرمایا کیا سبب ہے کہ |

---

[51] : تطبیق کے معنی ہیں رکوع کے وقت دونوں ہاتھ دونوں زانوؤں کے اندر دینا۔
[52] : دیکھیے کتب اصول۔

Marfat.com

علیہ وسلم امر بالغسل (ترمذی) آنحضرتؐ نے نہانے کا حکم فرمایا ہوا ہے۔

عید کے خطبہ کی کیفیت یُوں آتی ہے کہ :-

| | |
|---|---|
| فیقوم مقابل الناس والناس | بعد نماز آنحضرتؐ لوگوں کے سامنے ہو جاتے |
| جلوس علیٰ صفوفھم فیعظھم | اور لوگ اپنی اپنی جگہ پہ بیٹھے رہتے، پس |
| ویوصیھم ویامرھم وان | اُن کو وعظ کرتے اور وصیت فرماتے اور |
| کان یرید ان یقطع بعثا | حکم کرتے اور کسی فوج کو تیار کرنا ہوتا تو |
| قطعہ او یامر بشیئ امر بہ ثم | اُسی خطبہ ہی میں تیار کرتے یا کسی بات کا حکم |
| ینصرف (متفق علیہ)ؔ | کرنا ہوتا تو کر دیتے پھر چلے جاتے۔ |

اِن روایات سے اُس شُبہ کا جواب بھی آجاتا ہے جو عموماً اس مسئلہ کے خلاف پر کیا جاتا ہے کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے غیر ملکوں میں جاکر عجمی زبانوں میں خُطبہ کا ترجمہ نہیں سُنایا تو معلوم ہُوا کہ سوائے عربی کے اور زبانوں میں ترجمہ نہ چاہیے۔ اس کا جواب اِن روایات سے یُوں پایا جاتا ہے کہ آنحضرتؐ نے عین خطبہ پڑھتے ہوئے جو یہ فرمایا اذا جاء احدکم یوم الجمعۃ یا حضرت عمرؓ نے اس صحابی کو دیر کرنے پر ٹوکا، تو کیا اب بھی خطیب کو اگر ایسی حاجت پیش آئے۔ تو عربی ہی میں کہے اور بس کرے یا ان الفاظ کا مطلب سامعین کو سمجھا بھی دے۔ کچھ شک نہیں کہ عربی ہی میں کہنے کو کافی کہنے والا دنیا بھر میں کوئی نہ ہوگا، کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ ایک شخص پنجابی جو عربی زبان سے بالکل ناآشنا ہے مسجد میں آئے تو امام اس کی تنبیہ کرنے کو یُوں کہے کہ الیتۃ ساعۃ ھذہ والوضوء ایضا وقد علمت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امر

